## سٹی ناظم کے طور پر بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو ایم کیوایم کی جانب سے ایک مکان بطور انعام

## مصطفیٰ کمال سٹی ناظم بننے سے قبل صوبائی وزیر تھے اور کرائے کے مکان میں رہتے تھے، چارسال تک

## ملک کے سب سے بڑے شہر کے ناظم ہونے کے باوجود تا حال انکے پاس اپنا مکان نہیں ہے

## الطاف حسین نے مصطفیٰ کمال کو مکان بطور انعام پیش کرنے کے رابطہ کمیٹی کے فیصلے کی توثیق کردی

## آئندہ بھی جو حق پرست نمائندہ شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا اسے پارٹی کی جانب سے خصوصی انعامات سے نوازا جائے گا۔الطاف حسین کا اعلان

کراچی۔۔۔21 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نے کراچی کی شہری حکومت کے چارسالہ دور میں بے مثال ترقیاتی کاموں کے ذریعے کراچی کو دنیا کے جدید اور ترقی یافتہ شہروں کی صف میں شامل کرنے اور بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سٹی ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال کو ایم کیوایم کی جانب سے ایک مکان بطور انعام دیا ہے۔واضح رہے کہ مصطفیٰ کمال 2005ء میں سٹی ناظم کراچی کے عہدے پر فائز ہونے سے قبل سندھ کے انفامیشن ٹیکنالوجی کے وزیر تھے،اس وقت بھی انکے پاس اپنا کوئی مکان نہیں تھا اور وہ گلشن اقبال کے علاقے میں کرائے کے مکان میں رہتے تھے، چارسال تک ملک کے سب سے بڑے شہر کے ناظم ہونے کے باوجود تا حال انکے پاس اپنا مکان نہیں ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے شہر کی تعمیر وترقی کیلئے ایمانداری، دیانتداری اور محنت ولگن سے رات دن کام کرنے اور شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر سٹی ناظم مصطفیٰ کمال کو ایک مکان بطور انعام پیش کیا ہے۔ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین نے رابطہ کمیٹی کے اس فیصلے کی توثیق کی ہے اور اعلان کیا ہے کہ آئندہ بھی جو حق پرست نمائندہ اپنے شہر کی تعمیر وترقی اور شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرے گا اسے پارٹی کی جانب سے خصوصی انعامات سے نوازا جائے گا۔

## ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی کی صاحبزادی مہرین انیس رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلیفون کے ذریعے خصوصی دعا کرائی اور دلہا دلہن و دیگر کو دلی مبارکباد پیش کی

حیدرآباد۔۔۔21،فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس احمد قائم خانی کی صاحبزادی مہرین انیس ہفتے کے روز عبدالباسط ولد عبدالجبار کے ساتھ رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئیں۔ شادی کی تقریب علامہ اقبال اسکول گراؤنڈ لطیف آباد نمبر 2 حیدرآباد میں منعقد ہوئی جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر و وفاقی وزیر اوور سیز پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار، رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، کنور خالد یونس، ڈاکٹر نصرت، وسیم آفتاب، شکیل عمر، نیک محمد، سید شاکر علی، ڈاکٹر صغیر احمد، رضا ہارون، توصیف خانزادہ، سیف یار خان، آنسہ ممتاز انوار، حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء، صوبائی مشیران، حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست گروپ کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر ناظم کراچی سید مصطفیٰ کمال، ڈسٹرکٹ ناظم حیدرآباد کنور نوید جمیل، کراچی اور حیدرآباد کے ٹاؤن ناظمین تعلقہ ناظمین ونائب ناظمین، یوسی ناظمین، یوسی نائب ناظمین، کونسلرز، ایم کیواندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے ذمہ دارانہ، کراچی تنظیمی کمیٹی کے ذمہ داران، ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے ذمہ داران، ایم کیوایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران، ایم کیو ایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم حیدرآباد زون کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران، ایم کیوایم حیدرآباد زون کے مختلف سیکٹرز کے ذمہ داران، حیدرآباد چیمبر آف کامرس کے عہدیداران، حیدرآباد کے مختلف سیاسی، مذہبی وسماجی تنظیموں کے افراد، حیدرآباد کے معززین شہری، پیپلز اور دلہا دلہن کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ بعدازاں متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے لندن سے ٹیلیفون پر نکاح کے بعد خصوصی دعا کرائی اور دلہا دلہن سمیت ان کے والدین اور عزیز واقاب کو دلی مبارکباد پیش کی۔علاوہ ازیں، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر انیس قائم خانی، ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے اراکین، حیدرآباد ڈسٹرکٹ کے ناظم دکنور نوید جمیل، حیدرآباد ڈسٹرکٹ کے نائب ناظم ظفر راجپوت، تعلقہ ناظمین ونائب ناظمین دیگر نے معزز مہمانوں کا استقبال کیا۔

## اسکاؤٹ تحریک معاشرے میں صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کا مثالی ذریعہ ہے۔الطاف حسین

## اسکاؤٹس تحریک نے معاشرے کے افراد خصوصاً نوجوانوں کو انسانیت کی خدمت، مصیبت زدہ شہریوں کی ہر مشکل میں مدد کرنے اور انہیں مثبت، تعمیری اور صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے میں مثالی کردار ادا کیا ہے

## الطاف حسین کی جانب سے ملک بھر کے تمام اسکاؤٹس، گرلز گائیڈز اور اسکاؤٹ تحریک سے وابستہ تمام افراد کو اسکاؤٹ تحریک کے عالمی دن کی مبارکباد

## اسکاؤٹ تحریک کی ہر سطح پر سرکاری سرپرستی کی جائے اور اسکاؤٹنگ کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینے پر خصوصی توجہ دی جائے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔21 فروری 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ اسکاؤٹ تحریک معاشرے میں صحت مند سرگرمیوں کے فروغ کا مثالی ذریعہ ہے۔اسکاؤٹ تحریک کے عالمی دن کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسکاؤٹس تحریک نے معاشرے کے افراد خصوصاً نوجوانوں کو انسانیت کی خدمت، مصیبت زدہ شہریوں کی ہر مشکل میں مدد کرنے اور انہیں مثبت، تعمیری اور صحت مند سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے میں انتہائی مثالی کردار ادا کیا ہے۔جناب الطاف حسین نے ملک کے تمام اسکاؤٹس ،گرلز گائیڈز اور اسکاؤٹ تحریک سے وابستہ تمام افراد کو اسکاؤٹ تحریک کے عالمی دن کی مبارکباد پیش کی۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ نئی نسل کو مثبت اور تعمیری سرگرمیوں کی طرف راغب کرنے کیلئے اسکاؤٹ تحریک کی ہر سطح پر سرکاری سرپرستی کی جائے اور اسکاؤٹنگ کو زیادہ سے زیادہ فروغ دینے پر خصوصی توجہ دی جائے۔

## ربیع الاول کے مہینے میں دہشت گردی کی پیشگی اطلاعات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا، ارکان قومی اسمبلی

## دہشت گردی کی اطلاعات پر ٹھوس منصوبہ بندی کے تحت سیکورٹی پلان تیار کیا جائے

کراچی۔۔۔21،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کراچی میں مساجد اور خواتین کے اداروں سمیت دیگر مقامات کو دہشت گردی کا نشانہ بنانے کی اخباری اطلاعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ ربیع الاول کے مبارک مہینے میں دہشت گردی کے مذموم عزائم کو ہر حال میں ناکام بنانے کیلئے ٹھوس اور موثر نوعیت کے اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ دہشت گرد کراچی میں محرم الحرام کے مہینے میں دہشت گردی کے ذریعے بے گناہ انسانوں کا خون بہا کر ثابت کر چکے ہیں کہ ان کا کوئی مذہب نہیں ہے اور وہ انسانیت کے کھلے دشمن ہیں۔انہوں نے کہا کہ ربیع الاول کے مہینے میں جشن عید میلادالنبیؐ کے جلوس نکلتے ہیں اور ان میں دہشت گردی کی پیشگی اطلاعات کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا اور اس سے نمٹنے کیلئے قانون نافذ کرنے والے اداروں اور حکومت کو سنجیدگی کا مظاہرہ کرنا چاہئے اور دہشت گردی کی اطلاعات پر ٹھوس منصوبہ بندی کے تحت سیکورٹی پلان تیار کرنا چاہئے۔انہوں نے کہا کہ دہشتگرد بم دھماکوں کے ذریعے ملک وقوم کو عدم استحکام سے دوچار کرنے پر تلے بیٹھے ہیں لہٰذا ملک بھر کے عوام کو بھی اپنے طور پر حفاظتی انتظامات کو عملی جامہ پہنانا ہوگا اور دہشت گردی کے خلاف متحد اور منظم ہوکر لڑنا ہوگا اور اسی اتحاد کی بدولت دہشت گردی کے خلاف جاری اس جنگ میں فتح حاصل کی جاسکتی ہے۔حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک اور وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ ربیع الاول کے مبارک مہینے میں کراچی میں دہشت گردی کی پیشگی اطلاعات کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس سے نمٹنے کیلئے ہر ممکن ذرائع، وسائل استعمال کئے جائیں اور ٹھوس منصوبہ بندی کرکے دہشت گردوں کے عزائم خاک میں ملائے جائیں۔

## خیرپور میں شادی شدہ خاتون سے اجتماعی زیادتی کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے، شعبہ خواتین

کراچی۔۔۔21،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نے خیرپور میں شادی شدہ خاتون سے اجتماعی زیادتی کے واقعہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ درندگی کا مظاہرہ کرنے والے عناصر کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ خواتین کے ساتھ اجتماعی زیادتی کے واقعات کا تسلسل کے ساتھ رونما ہونا مذہبی ومعاشرتی اقدار کی تنزلی کی واضح نشاندہی کرتا ہے اور ایسے واقعات کے ذمہ دار عناصر کو آئین وقانون کی گرفت میں لیکر قرار واقعی سزا سے ہمکنار کرنے سے ہی درندگی کے اس عمل کو روکا جاسکتا ہے۔ایم کیوایم شعبہ خواتین نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ خیرپور میں خاتون کو اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنائے جانے کے واقعہ کا سختی سے نوٹس لیا جائے اور اس میں ملوث سفاک عناصر کو فی الفور گرفتار کرکے عبرتناک سزا دی جائے۔

## الطاف حسین کی منہ بولی ماں آلِ فاطمہ کے دسویں کی قرآن خوانی ومجلس آج ہوگی

کراچی۔۔۔21،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی منہ بولی ماں اورحق پرست رکن قومی اسمبلی اورایم کیوایم شعبہءخواتین کی انچارج کشور زہرا کی والدہ کے دسویں کے سلسلہ میں عزاءخانہِ آلِ فاطمہ B-5 بلاک 9 گلشن اقبال میں 22 فروری بوقت شام 4 بجے زنانی قرآن خوانی اور 5 بجے مجلس عزاءاور 6 بجے فاتحہ خوانی ونیاز ہوگی۔مومنات،خواتین سے شرکت کی استدعا ہےاورنہ پہنچ سکنے والوں کیلئے سیدہ آلِ فاطمہ جعفری بنتِ سیدزاہدحسین جعفری کیلئے سورۃ فاتحہ بخشنے کی درخواست ہے۔

## نائن زیروٹرانسپورٹ سیکشن کے رکن کفیل احمد کے والد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔21،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کے ٹرانسپورٹ سیکشن کے رکن کفیل احمد کے والد بشیر احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم جامشوروزون یونٹ جھانگارا کے جوائنٹ یونٹ انچارج لیاقت علی نوحانی کے والدعبدالمجید خان،ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 172 کے کارکن محمد حسنین قریشی کے والد محمد منظورالحسن قریشی اور ایم کیوایم نیوکراچی سیکٹر یونٹ 141 کے کارکن محمد اسلم قریشی کے بھائی بندوقریشی کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## کفیل احمد سے رابطہ کمیٹی،ایم کیوایم کے ونگز اور شعبہ جات کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔21،فروری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو کے ٹرانسپورٹ سیکشن کے رکن کفیل احمد کے والد بشیراحمد کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوارِرحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو صبرجمیل عطا کرے۔دریں اثناءایم کیوایم کے ونگز اور شعبہ جات کے ذمہ داران نے بھی کفیل احمد کے والد بشیر احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت کیلئے دعا کی ہے۔

☆☆☆☆☆